حیسکو پریس ریلیز مورخہ 14 اکتوبر 2020

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد یعقوب کی ہدایت پر بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ، بجلی چوری کے خاتمے اور واجبات کی 100% وصولی کیلئے اسپیشل ریکوری ٹیموں کی کارروائیاں جاری۔

آج حیدرآباد کے علاقے قاسم آباد، حسین آباد، میر حسن آباد، لطیف آباد، گاڑی کھاتہ، صدر، پھلیلی و دیگر میں کارروائیوں کے دوران واجبات کی عدم ادائیگی پر 175 بجلی کے کنکشن منقطع، متعدد غیر قانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے اور بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کے لیئے متعلقہ تھانوں میں لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ جو صارفین سے واجبات کی وصولی اور درست بلنگ چیک کر رہی ہیں، واجبات کی ادائیگی کیئے بغیر بجلی کے کنکشن نہیں چلنے دیں گے۔ حیسکو انتظامیہ

حیدرآباد (   ) چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو محمد یعقوب کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن میں نادہندگان سے بجلی کے بلوں کے واجبات کی 100% فیصد وصولی اور صارفین کو موصول درست ریڈنگ کے ساتھ بلنگ چیک کرنے کیلئے حیسکو کی اسپیشل ریکوری ٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں اور نادہندگان کے بجلی کے کنکشن بلاتفریق منقطع کیئے جارہے ہیں۔ اس سلسلے میں آج حیدرآباد کے علاقے قاسم آباد، حسین آباد، میر حسن آباد، لطیف آباد، گاڑی کھاتہ، صدر، پھلیلی و دیگر میں کارروائیوں کے دوران واجبات کی عدم ادائیگی پر 175 بجلی کے کنکشن منقطع، متعدد غیر قانونی کنڈہ کنکشن ہٹائے گئے اور بجلی چوروں کے خلاف FIR درج کرانے کے لیئے متعلقہ تھانوں میں لیٹر جمع کرادیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف نے اسپیشل ریکوری ٹیموں کو واضح ہدایات دیں ہیں کہ نادہندگان سے واجبات کی 100% فیصد وصولی اولین ترجیح بنیادوں پر یقینی بنائیں، انہوں نے کہا کہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا انتظام نہیں چلا سکتا۔ اس لیئے صرف اور صرف واجبات کی ادائیگی کرنے والے صارفین کو بجلی فراہم کی جائے گی، اور نادہندگان اپنے واجبات کی آسان ادائیگی کیلئے کسٹمرز سروس سینٹر پر جا کر بجلی کے بلوں کی اقساط بنوا کے جمع کرا سکتے ہیں، اور یہ لازمی ہے، ورنہ بجلی کے بلوں کی ادائیگی کے بغیر کنکشن نہیں چلنے دیا جائے گا۔ بجلی چوری کی روک تھام کا عمل بھی جاری ہے۔ اس وقت حیسکو کے ٹوٹل 98 ارب 20 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس میں وفاقی اداروں پر 4 ارب 10 کروڑ 92 لاکھ، صوبائی اداروں پر 8 ارب 72 کروڑ 56 لاکھ روپے جبکہ نجی صارفین پر 85 ارب 37 کروڑ 28 لاکھ روپے کے واجبات ہیں ہیں۔ تفصیلات کے مطابق آپریشن سرکل حیدرآباد کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 84 کروڑ 35 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 79 کروڑ 64 لاکھ۔ نجی صارفین پر 33 ارب 4 کروڑ 2 لاکھ۔ آپریشن سرکل لاڑ کے وفاقی اداروں پر 51 کروڑ 10 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 12 کروڑ 78 لاکھ۔ نجی صارفین پر 25 ارب 6 کروڑ 60 لاکھ۔ آپریشن سرکل نوابشاہ کے وفاقی اداروں پر 8 کروڑ 6 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر 2 ارب 55 کروڑ 9 لاکھ۔ نجی صارفین پر 20 ارب 19 کروڑ 90 لاکھ۔ اور آپریشن سرکل میرپورخاص کے وفاقی اداروں پر ایک ارب 67 کروڑ 41 لاکھ۔ صوبائی اداروں پر ایک ارب 25 کروڑ 5 لاکھ۔ نجی صارفین پر 7 ارب 6 کروڑ 76 لاکھ روپے کے واجبات ہیں۔ جس کی وصولی کیلئے حیسکو اسپیشل ریکوری ٹیمیں کارروائیاں کر رہی ہیں، جو واجبات کی 100% فیصد وصولی کیلئے کارروائیاں کر رہی ہیں۔